Unilever

# یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ

## آواری پلازہ، فاطمہ جناح روڈ، کراچی-75530

## دوسرا عبوری منافع منقسمہ - 2017 اور کھاتے کی بندش

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس میں جو 23 اکتوبر 2017 کو منعقد ہوا، جس میں 10 روپے والے ہر آرڈینری شیئر پر 50 روپے (پچاس روپے صرف) جو کہ 500% فی آرڈینری شیئر ہے، کے دوسرے عبوری منافع منقسمہ 2017 کا اعلان کیا ہے جو ممبران کو اُن آرڈینری شیئرز پر قابل ادائیگی ہوگا جو 14 نومبر 2017 کو کھاتے کی بندش کے وقت اُن کے نام پر رجسٹرڈ ہوں۔

اس طرح 122.00 روپے یا 1220% فی آرڈینری شیئر کے پہلے منافع منقسمہ 2017 کے ساتھ، جو کہ پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے، 30 ستمبر 2017ء کو ختم ہونے والے تیسرے کواٹر تک کے مجموعی منافع منقسمہ کی رقم 172.00 روپے جو کہ 1720% ہے، فی آرڈینری شیئر ہو جائے گی۔

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بک 15 نومبر 2017 سے 21 نومبر 2017 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہے گی اور 22 نومبر 2017 کو دوبارہ کھولی جائے گی۔ شیئرز کی منتقلی سے متعلق وہ درخواستیں جو 14 نومبر 2017 تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، 99-B، "B" Block، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو موصول ہوگئی ہوں اور ہر لحاظ سے مکمل ہوں، دوسرے عبوری منافع منقسمہ 2017 کی ادائیگی کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

CNIC / NTN (لازمی) کی فوٹو کاپی جمع کرانے کی یاد دہانی

جن انفرادی ممبران نے ابھی تک اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کمپنی / شیئر رجسٹرار کے پاس جمع نہیں کرائی ہے انھیں ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ جلد سے جلد اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اس پتے پر بھیج دیں۔ میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ CDC ہاؤس، 99-B، "B" Block، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو براہ راست جمع کرا دیں۔ براہِ کرم اپنا فولیو نمبر (Folio No.) NTN / CNIC کی کاپی کے ساتھ ضرور لکھیں۔ جن شیئر ہولڈرز کے شیئرز participants/بروکرز یا سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے پاس ہیں وہ اپنے participants/بروکر/CDC کو CNIC نمبر/NTN کی کاپی فراہم کریں، تاکہ ان کے کوائف الیکٹرانک سسٹم میں اپ ڈیٹ کیے جاسکیں۔ بحوالہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشنز SRO 779 (1) مورخہ 18 اگست، 2011، اور 2012 (1) SRO 831، مورخہ 5 جولائی، 2012 جو اس امر کو ضروری قرار دیتے ہیں کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ ممبر یا مجاز فرد کا (ماسوائے نابالغ فرد اور کارپوریٹ ممبر) کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کا نمبر بھی لکھا ہو۔ کارآمد CNIC کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی، SECP کے مذکورہ SROs کی تعمیل کے سبب، ایسے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل نہیں کر سکے گی۔

NTN کی تفصیل جمع کرانا (لازمی)

(i) حکومت پاکستان نے فائنانس ایکٹ 2014 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں بعض ترامیم کی ہیں جس کے ذریعے کمپنیوں کی طرف سے ادا کیے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔

فائنانس ایکٹ 2017 کے تحت ٹیکس کی یہ شرحیں مندرجہ ذیل ہیں:

(a) انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 15%

(b) انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 20%

کمپنی کو اس قابل کرنے کے لیے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کی مالیت پر 20% فیصد کے بجائے 15% فیصد کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کرے، ایسے تمام شیئر ہولڈرز کو جن کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں کیے گئے ہیں، اگرچہ وہ ٹیکس گوشوارے داخل کر چکے ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ڈیویڈنڈ کے حق کے تعین کے لئے کھاتوں کی بندش کی تاریخوں کی شروعات، 15 نومبر 2017 سے قبل ATL میں شامل ہوجائیں، بصورتِ دیگر انکے کیش ڈیویڈنڈ پر ٹیکس 15% کے بجائے 20% کی شرح سے منہا کیا جائے گا۔

(ii) متعلقہ معلومات کے لئے انویسٹر شیئر رجسٹرار منیجر، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، ٹیلیفون نمبر 0800-23275 (ٹول فری)، ای میل ایڈریس: info@cdcpak.com یا کمپنی مس وجیہہ خان ٹیلیفون نمبر +92-21-35660062، ای میل ایڈریس wajiha.khan@unilever.com پر رابطہ کریں۔

(iii) کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جن کے اکاونٹ CDC میں ہیں وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) متعلقہ Participant کے پاس اپ ڈیٹ کرائیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکٹس کی کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، 99-B، "B" Block، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو جمع کروائیں۔ شیئر ہولڈرز NTN یا NTN سرٹیفکٹس بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبر ضرور لکھیں۔

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی وضاحت کے مطابق ڈیویڈنڈ پر withholding ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے Filer/Non-Filer اسٹیٹس اور جوائنٹ ہولڈر / جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں انکے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے اعتبار سے کیا جائے گا۔ اس ضمن میں ایسے تمام شیئر ہولڈرز جن کی جوائنٹ شیئر ہولڈنگ ہے، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کے ضمن میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور joint holder(s) کے شیئر ہولڈنگ تناسب کے بارے میں شیئر رجسٹرار میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، 99-B، "B" Block، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400۔ کو تحریری طور پر مطلع کریں، بصورت دیگر withholding ٹیکس کا اطلاق پرنسپل اور joint holders کے پاس مساوی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017، کے سیکشن 242 اور SECP کے 2017 کے سرکلر نمبر 18 کی دفعات کے مطابق 31 اکتوبر 2017 کے بعد کیش میں قابل ادائیگی کوئی بھی منافع منقسمہ استحقاق رکھنے والے شیئر ہولڈرز کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک طریقے سے براہ راست ادا کیا جائے گا۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس Physical Holding ہے وہ مجوزہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز particpants/بروکرز یا سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے پاس ہیں اور وہ مجوزہ مینڈیٹ کا فارم اپنے particpants/بروکر/CDC کے پاس جمع کرائیں تاکہ ان کے کوائف کو الیکٹرانک سسٹم میں اپڈیٹ کیا جاسکے۔ اور اس فارم کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھی جمع کرائیں۔ ڈیویڈنٹ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

ممبرز اپنے پتے میں کسی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر کمپنی شیئر رجسٹرار میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، 99-B، "B" Block، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو دیں۔

کراچی

مورخہ 26 اکتوبر 2017

عامر نصیر

کمپنی سیکریٹری

PROMETHEUS